عورت ایامِ مخصوصہ میں دعا کے طور پر وظائف اور قرآنی آیات پڑھ سکتی ہے؟

فتوی نمبر: WAT-01

تاریخ اجراء: 14محرم الحرام1443ھ/23اگست2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عورت ایامِ مخصوصہ میں دعا کے طور پر وظائف اور قرآنی آیات پڑھ سکتی ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جواب جاننے سے پہلے ذہن نشین رہے کہ عورت کا ایام حیض ونفاس میں قرآن پاک کی تلاوت کرنا حرام ہے۔ البتہ وہ آیات جو ذکر وثناء ومناجات ودعا پر مشتمل ہوں، انہیں تلاوت کی نیت کئے بغیر، ذکر ودعا کی نیت سے پڑھنا جائز ہے۔

اس تفصیل کے مطابق صورت مسئولہ کا جواب یہ ہے کہ مخصوص ایام میں عورت درود پاک اور وہ وظائف جو قرآنی آیات کے علاوہ ہوں مطلقاً پڑھ سکتی ہے، البتہ اگر قرآنی آیت پر مشتمل وظائف ہوں، تو ان میں یہ تفصیل ہو گی کہ اگر وہ وظائف ایسی قرآنی آیات پر مشتمل ہوں کہ جن میں ذکر و ثنا و مناجات و دعا کا معنٰی پایا جاتا ہے، انہیں تلاوت کی نیت کئے بغیر، ذکر ودعا کی نیت سے پڑھنا جائز ہے۔

نوٹ:

اس میں بھی یہ خیال رہے کہ قرآنی آیات پر مشتمل وہ وظائف، جو لفظِ "قل" سے شروع ہوتے ہیں، تو انہیں مذکورہ شرائط کے ساتھ لفظِ "قل" چھوڑ کر پڑھنے کی اجازت ہے۔ اور اس کے علاوہ وہ آیات جن میں ذکر وثناودعا و مناجات کا مفہوم موجود نہیں، انہیں اس حالت میں بطورِ وظیفہ بغیر نیتِ تلاوت کے پڑھنا بھی جائز نہیں ہو گا۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net